فوری ریلیز کے لیے: 28/7/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کا جیفرسن کاؤنٹی کے کلیٹن گاؤں میں سیلاب سے بحالی کے منصوبوں پر تعمیرات شروع کرنے کا اعلان

ریور واک (دریا کے پُشتے) کو بلند کرنے اور مقامی کاروبار کو مستقبل میں سیلاب سے ہونے والے نقصان سے بچانے کے لیے 2.55$ ملین

تباہ شدہ گودیوں کو تبدیل کرنے اور دوبارہ تعمیر کرنے اور تفریحی طور پر کشتی رانی کرنے والوں کے لیے رسائی کو بہتر بنانے کے لیے تقریباً 2.5$ ملین کی گرانٹ فنڈنگ

سابقہ فوجیوں کی یادگاری عمارت بذریعہ گاؤں کی گودی کو بہتر بنانے، عوامی تحفظ کو فروغ دینے کے لیے 975,000$

بڑی آبی سواریوں کے لیے ایک اہم رسائی مقام ، فرنک پارک علاقائی گودی کی حفاظت اور استحکام کے لیے 250,000$

ریاست نیویارک کے 300$ ملین کی لچک اور اقتصادی ترقی کی پہل کاری کا جزو

گورنر Kathy Hochul نے آج کلیٹن گاؤں، جیفرسن کاؤنٹی میں سیلاب سے بحالی کے منصوبوں کے ایک سلسلے پر تعمیر شروع کرنے کا اعلان کیا۔ ریاست کے لیک اونٹاریو [ریزیلینسی اینڈ اکنامک ڈیولپمنٹ انیشیٹو](#) (Resiliency and Economic Development Initiative, REDI). کے ذریعے چار منصوبوں کو تقریباً 6.3$ ملین کی گرانٹ فنڈنگ سے نوازا گیا۔ پایۂ تکمیل کو پہنچنے کے بعد، ریزیلینسی اینڈ اکنامک ڈیولپمنٹ انیشیٹو (REDI) کی مالی امداد سے چلنے والے یہ منصوبے مستقبل میں زیادہ پانی کے واقعات کے اثرات کو کم کرنے اور ساحل کی بحالی کی صلاحیت کو بہتر بنانے میں مدد کریں گے۔

گورنر Hochul نے کہا، "جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساتھ ساتھ تبدیلی کے ان منصوبوں میں ہماری آج کی سرمایہ کاری ساحلی علاقوں کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے میں اہم ہے۔" "REDI پروگرام کے ذریعے، ہم مستقبل میں آنے والے سیلاب کے خطرے سے نمٹنے اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے کے لیے مقامی حکومتوں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ پایۂ تکمیل کو پہنچنے کے بعد، یہ اصلاحات معاشی ترقی کو تحریک دیں گی، سیاحت کو فروغ دیں گی، اور زیادہ پانی کے دوران اس مشہور سیاحتی مقام کو محفوظ اور قابل رسائی رکھیں گی - اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ کلیٹن گاؤں رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے یکساں طور پر ایک ترقی کرتا ہوا علاقہ رہے۔"

سنہ 2019 میں، سینٹ لارنس دریا میں پانی کی سطح ریکارڈ بلند تھی جس کے نتیجے میں دریا کے کنارے کے ساتھ ساتھ تمام علاقوں میں تباہ کن سیلاب آیا تھا۔ ان واقعات کی وجہ سے عوامی بنیادی ڈھانچہ خراب ہوا اور مشہور سیاحتی مقامات جیسے ریور واک کے عوامی استعمال کو محدود کر دیا گیا، جس سے عوامی تحفظ اور مقامی

معیشتوں پر منفی اثرات مرتب ہوئے۔ یہ منصوبے خطرے کی زد میں آنے والے بنیادی ڈھانچے پر توجہ دیں گے اور جیفرسن کاؤنٹی میں اقتصادی ترقی کو فروغ دیں گے۔

گاؤں کو REDI کمیشن نے مجموعی طور پر پانچ منصوبوں کے لیے $8.6 ملین سے زائد رقم سے نوازا تھا۔ نوازے گئے پانچویں بحالی کے منصوبے، ولیج آف کلیٹن ویسٹ واٹر کلیکشن اینڈ ٹریٹمنٹ پلانٹ کی اصلاحات، کی تعمیر سنہ 2021 میں شروع ہوئی اور اس پر کام جاری ہے۔ آج کے اعلان میں شامل ہیں:

- **ریور واک، $2,554,000:** دریائے سینٹ لارنس کے ساتھ ساتھ واقع ریور واک سیاحوں اور رہائشیوں کے لیے ایک مشہور مقام بن گیا ہے، جو شہر کے خریداری مرکز کے مختلف پُرکشش مقامات اور مقامی کاروباروں کو آپس میں جوڑتا ہے۔ سنہ 2019 میں، دریا کی اونچی سطح اور انتہائی لہروں کی کارروائی کے نتیجے میں ریور واک کے حصوں کو سیلاب سے نقصان پہنچا تھا۔ یہ منصوبہ موجودہ ڈھانچے کے اوپر ایک بلند بورڈ واک کی تنصیب کے ذریعے مستقبل میں پانی کی سطح بلند ہونے کے واقعات کے اثرات کو کم کرنے میں مدد کرے گا۔

- **میری سٹریٹ بوٹ لانچ پر Crib گودی، $2,489,000:** میری اسٹریٹ پر دو موجودہ گودیاں (ڈاک) ہیں۔ میری اسٹریٹ پر مرکزی ڈاک سیاحوں اور رہائشیوں کو ملنے جُلنے کی بنیادی جگہ فراہم کرتا ہے۔ گودی سیاحوں میں مقبول ہے اور سیاحوں کو علاقے میں مقامی دکانوں، عجائب گھروں اور ریستورانوں تک رسائی کے قابل بناتی ہے۔ چھوٹی میری سٹریٹ بوٹ لانچ ڈاک کشتی بانوں کو کشتی کے ریمپ پر اپنے تفریحی جہاز لانچ کرنے میں مدد کرتی ہے۔ سیلابی واقعات کی وجہ سے، دونوں ڈھانچوں کو کافی نقصان پہنچا، جس سے گودیاں کمزور ہو گئیں اور تفریحی کشتی بانوں کے آنے جانے میں رکاوٹ پیدا ہوئی۔ اس منصوبے میں بحالی کی کوششوں میں بوٹ لانچ والی گودی کو ایک نئی تیرتی ہوئی گودی سے تبدیل کرنا اور مرکزی گودی کو زیادہ بلندی پر دوبارہ تعمیر کرنا شامل ہے۔

- **گاؤں کی گودیاں بذریعہ سابقہ فوجیوں کی یادگار، $975,000:** گاؤں کی گودی اور سابقہ فوجیوں کی یادگار مہمانوں اور سیاحوں میں مقبول ہے کیونکہ یہ ریور واک اور مقامی دکانوں تک براہِ راست آنے کی اجازت دیتی ہے۔ گاؤں کی موجودہ گودی کو سنہ 1996 میں نصب کیا گیا تھا اور یہ لکڑی کی تیرتی گودی اور لنگر کے نظام پر مشتمل ہے۔ پانی کی بلند سطح اور اس سے متعلقہ لہروں کا اثر سابقہ فوجیوں کی یادگاری عمارت کے قریب ریور واک کے ساتھ گاؤں کی گودی کے مستقبل میں فعال رہنے کو خطرناک بناتی ہے۔ یہ منصوبہ لہروں کے موجودہ تیرتے ہوئے مزاحمت کار کو تبدیل کرنے پر مشتمل ہو گا، جو لہروں کے انتہائی اثر سے تحفظ فراہم کرے گا۔

- **فرنک پارک علاقائی گودی، $250,000:** تھاؤزنڈ آئی لینڈز ریجنل ڈاک (ہزار جزیرہ علاقائی گودی)، جو کلیٹن کے مرکز میں فرنک پارک سے ملحق ساحل کے ساتھ واقع ہے، یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سیکیورٹی اور یو ایس کوسٹ گارڈ سے تصدیق شدہ c105 پورٹ آف انٹری کے طور پر علاقے تک رسائی کا ایک اہم مقام ہے۔ گودی پر لمبے بحری جہاز، چھوٹے جہاز، کھینے والی کشتیاں اور کروز بحری جہاز کھڑے ہو سکتے ہیں۔ یہ بہت ضروری ہے کہ یہ گودی کھلی اور قابل رسائی رہے۔ سیلاب سے ہونے والے نقصان میں اترنے والے فرش بندوں (لینڈنگ پیورز) کا پانی کے ساتھ بہہ جانا بھی شامل ہے۔ اس منصوبے کے لیے تخفیفی اقدامات میں موجودہ شیٹ پائل وال اور دریا کے نچلے حصے کے درمیان خلاء کو مہربند (سیل) کرنا شامل ہے تاکہ بلک ہیڈ وال کی حفاظت کی جا سکے اور دیوار کے پیچھے سے بھرائی کے کٹاؤ کو روکا جا سکے۔

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے تحفظِ ماحولیات کے کمشنر اور REDI کمیشن کے شریک چیئر Basil Seggos نے کہا، "ایک منصوبے کے بعد دوسرا منصوبہ، REDI پروگرام خطے میں اقتصادی ترقی کو فروغ دے کر، صحت عامہ کی حفاظت کر کے، قدرتی رہائش گاہوں کو بچا کر، اور سیلاب کے نقصان کے خطرے کے خلاف

ساحلوں کو مضبوط بنا کر مثبت اثر ڈال رہا ہے۔ گورنر Kathy Hochul کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ، ریاست نیویارک اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ کلیٹن اور جھیل اونٹاریو اور سینٹ لارنس دریا کے ساحل کے ساتھ ساتھ دیگر علاقے مستقبل میں زیادہ پانی کے واقعات کے لیے بہتر طور پر تیار ہوں گے۔"

نیویارک کے سیکریٹری آف سٹیٹ Robert Rodriguez نے کہا، "یہ بہت ضروری ہے کہ ہم اپنے علاقوں کو سیلاب سے ہونے والی تباہی سے بچانے کی ہر ممکن کوشش کریں۔ یہ انتہائی اہم منصوبے مکینوں کے لیے تحفظ اور مجموعی معیارِ زندگی کو بہتر بنائیں گے، کاروبار اور سیاحت کے قابل عمل ہونے کو بہتر بنائیں گے، ساحل کی ساختی سالمیت کو محفوظ بنانے میں مدد کریں گے اور مستقبل میں زیادہ پانی کی آفات کے خلاف تیاری کو بہتر بنائیں گے۔"

ریاستی سینیٹر Patty Ritchie نے کہا، "کلیٹن تھاؤزنڈ آئی لینڈز (ہزار جزائر) کا ایک ایسا جوہر ہے جو حالیہ برسوں میں گاؤں میں نئے رہائشیوں، کاروباروں اور سیاحوں کو راغب کرنے کے لیے مسلسل بہتری لایا ہے۔ یہ تازہ ترین اضافہ ناصرف کلیٹن کو مستقبل میں زیادہ پانی کے واقعات سے بچانے میں مدد کرے گا بلکہ لوگوں کے لیے سینٹ لارنس دریا سے لطف اندوز ہونے کو بھی آسان بنائے گا۔ مجھے خوشی ہے کہ ریاست نیویارک یہ اہم سرمایہ کاری کر رہی ہے اور میں یہ دیکھنے کی منتظر ہوں کہ یہ منصوبے کلیٹن کے گاؤں کو کیسے مزید بہتر بناتے ہیں۔"

رکنِ اسمبلی Mark Walczyk نے کہا، "ہمارے علاقے نے اونٹاریو جھیل اور سینٹ لارنس دریا کے کنارے جائیداد مالکان اور چھوٹے کاروباروں پر پانی کی بلند سطح کے تباہ کن اثرات دیکھے ہیں، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مضبوط، قابل بھروسہ بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کیوں ایک لچکدار معیشت اور علاقے کی کنجی ہے۔ کلیٹن گاؤں میں یہ REDI منصوبے اس بات کی بہترین مثالیں ہیں کہ کس طرح دوبارہ بہتر بننا ہے اور مستقبل میں زیادہ پانی کے واقعات کے خلاف لڑنے کے لیے تیار رہنا ہے۔"

جیفرسن کاؤنٹی کے چیئرمین William Johnson نے کہا، "جیفرسن کاؤنٹی نے REDI پروگرام کو ساحلی علاقوں میں مثبت اثر ڈالتے ہوئے دیکھا ہے، اور ہم ریاست نیویارک کے شکر گزار ہیں اس بات کو یقینی بنانے میں مسلسل تعاون اور شراکت داری کے لیے کہ ہمارا علاقہ بحال ہو، اور جنہیں ہمارے علاقوں میں سیر کرنے آنا بہت پسند ہے وہ آتے رہیں اور آنے والے کئی سالوں تک آتے رہیں۔"

کلیٹن گاؤں کی میئر Norma Zimmer نے کہا، "ملک بھر سے آنے والے مہمان کلیٹن گاؤں کا سفر کرتے ہیں تاکہ ہمارے علاقے کی تمام پیشکشوں سے لطف اندوز ہو سکیں، بشمول خوبصورت سینٹ لارنس دریا پر کشتی رانی اور ماہی گیری۔ REDI کے ذریعے، ہم انتہائی اہم ساحلی پٹی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر اور محفوظ بنائیں گے تاکہ زیادہ پانی کے وقت بھی ساحلی پٹی کے استعمال میں رکاوٹ نہ آئے۔"

کلیٹن شہر کے سپروائزر Lance Peterson نے کہا، "جبکہ کلیٹن گاؤں کے REDI منصوبوں پر کام شروع ہو رہا ہے، شہر گاؤں کو مبارک باد پیش کرنا چاہے گا۔ محنت، عزم، اور ریاست نیویارک کے ساتھ زبردست شراکت داری نے ان اہم منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے قابل بنایا ہے۔

جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساحلوں کے ساتھ سیلاب کے بڑھے ہوئے انداز کے جواب میں، ریاست نیویارک نے ساحلی علاقوں کی لچک کو بڑھانے اور خطے میں اقتصادی ترقی کو تقویت دینے کے لیے REDI قائم کیا تھا۔ REDI کی پانچ علاقائی منصوبہ بندی کمیٹیاں، جن میں آٹھ کاؤنٹیاں (نیاگرا اور اورلینز، مونرو، وائین، کایوگا اور آسویگو، اور جیفرسن اور سینٹ لارنس) کے نمائندے شامل تھے، مقامی ترجیحات، خطرے سے دوچار بنیادی ڈھانچے اور دیگر اثاثوں، اور عوامی حفاظتی خدشات کی نشاندہی کے لیے قائم کی گئی تھیں۔ REDI کے ذریعے، ریاست نے علاقوں کو فائدہ پہنچانے اور جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساتھ سیلاب زدہ علاقوں میں لچک کو بہتر بنانے کے لیے $300 ملین تک کا وعدہ کیا ہے۔

سنہ 2019 کے موسمِ بہار میں ریاست کے REDI پروگرام کے بننے کے بعد سے، REDI کی مالی اعانت سے چلنے والے 134 مقامی اور علاقائی منصوبے جاری ہیں، جن میں 64 منصوبے ڈیزائن کے مرحلے میں، 29 منصوبے تعمیراتی مرحلے میں ہیں، اور 41 منصوبے مکمل ہو چکے ہیں۔

ریاست کے REDI پروگرام میں 15$ ملین کا علاقائی بھل صفائی کا منصوبہ شامل ہے، جو بنیادی طور پر تفریحی کشتی رانی اور پناہ کے لیے استعمال ہونے والے آنے جانے کے ساحلی راستوں کے لیے جاری بھل صفائی کی ضروریات کے لیے ایک جامع طریقہ فراہم کرنے کی ایک کوشش ہے۔ بھل صفائی نے آبی راستوں کی تہوں میں جمنے والی تلچھٹ کو ہٹا دیا تاکہ مسلسل محفوظ بندرگاہ اور آبی سواریوں کے گزرنے کی اجازت دی جا سکے۔ پہلے دو مراحل کے ذریعے، ریاست نے 20 ساحلی آمدورفت کے راستوں کی مرمتی بھل صفائی سے نمٹا، جو اب مکمل ہو چکے ہیں۔ مرحلہ III کے دوران، جو اس موسم گرما کے آخر میں ہونے کی توقع ہے، ریاست پروگرام کے انتظام کو کاؤنٹیوں میں منتقل کرے گی اور آنے والے سالوں میں راستوں کو فعال رکھنے کے لیے موجودہ علاقائی بھل صفائی انتظامی منصوبے کی تجدید، توسیع اور اطلاق کرنے کے لیے ضروری معلومات فراہم کرے گی۔

اضافی معلومات، پروجیکٹ پروفائل اور REDI خبروں کے لیے، یہاں کلک کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov